# Bachelor of Commerce (B.Com.) Semester–II Examination

## URDU

835

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

سوال نمبر۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 16

(۱) اردوزبان—ایک تہذیب

(۲) اخلاقی تعلیم کی اہمیت اور ضرورت

(۳) انٹرنیٹ وقت کی اہم ضرورت

(۴) ماحولیاتی آلودگی—ایک سنگین مسئلہ

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کے حالاتِ زندگی تحریر کرتے ہوئے ان کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ 8

(۱) منشی پریم چند

(۲) مولوی عبدالحق

(۳) آغا حشر کاشمیری

(ب) درج ذیل اقتباسات کی وضاحت مع سیاق وسباق کیجئے۔ (کوئی دو) 8

(۱) بچوں کا دل کتنا نازک ہوتا ہے، اس کا اندازہ دوسرا نہیں کرسکتا، ان میں اپنے جذبات کو ظاہر کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہوتے، انھیں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ کون سی بات انھیں بے چین کر رہی ہے، کون سا کانٹا ان کے دل میں کھٹک رہا ہے، کیوں بار بار انھیں رونا آتا ہے، کیوں وہ من مارے بیٹھے ہیں، کھیلنے میں جی نہیں لگتا، میری بھی یہی حالت تھی۔

(۲) وہ اپنے زور بیان تشبیہوں اور استعاروں، مبالغے اور تخیل کے زور سے منتشر قوتوں کو ایک جا جمع کر دیتا ہے، افراد کو جماعت میں منتقل کر دیتا اور کثرت کو وحدت میں بدل دیتا ہے۔ ساری قوم ایک فردِ واحد ہو جاتی ہے۔ اس وقت ان میں جذبۂ عمل پیدا ہو جاتا ہے اور وہ زندگی کے اس مقصد کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں جس کی رہنمائی ایک سچا شاعر ہی کرسکتا ہے۔

(۳) غزل کا ہر شعر بجائے خود ایک نظم ہوتا ہے۔ غزل کہنے والا انتہائی کوشش کرتا ہے کہ کسی طرح ایک شعر کے چند لفظوں میں بہت سا مطلب بھر دے۔ تمثیلی الفاظ سے اس کو بہت مدد ملتی ہے۔ ان میں کے ایک ایک لفظ کے

ساتھ بہت سے خیالات وجذبات وابستہ ہوگئے ہیں۔ایک لفظ کہا اور نہ معلوم کتنی باتیں آنکھوں کے سامنے آ گئیں۔اس لیے غزل میں ان لفظوں کا استعمال نہ صرف مناسب بلکہ ناگزیر ہے۔

(۴) امتحان کا نتیجہ ظاہر ہوا تو اس نے امتیازی کامیابی حاصل کی مگر اس کی خوشی میں واقعی اگر کوئی شامل تھا تو کلثوم لیکن جب دسویں کے امتحان میں اس کے بھائی نے سیکنڈ کلاس حاصل کیا تو سارے گھر نے اس کی خوشی منائی اسے بہترین تحفے دیئے گئے، پڑوس میں مٹھائی بانٹی گئی اور ایک شاندار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔اسی قسم کے دل آزاری کے واقعات کے ساتھ وقت گذرتا گیا۔

سوال نمبر۳۔ (الف) درجِ ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔(کوئی چار) 8

۱۔ جو ہم پہ گذری سو گذری مگر شبِ ہجراں
ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

۲۔ دست فلک میں گردش تقدیر تو نہیں
دست فلک میں گردش ایام ہی تو ہے

۳۔ انسان ہوں خطاؤں کا پتلا خیال رکھ
میں نے یہ کب کہا کہ خدا مان لے مجھے

۴۔ نہ جانے کیا توقع مجھ سے رکھتی ہے
میں دنیا کے لئے کیا ہو کے رہ جاؤں

۵۔ وہ جارہا ہے گھر سے جنازہ بزرگ کا
آنگن میں اک درخت پرانا نہیں رہا

۶۔ بندھے ہوئے ہیں مرے ہاتھ پشت کی جانب
کہاں ہیں آئیں پرانی عداوتوں والے

(ب) ''فیض احمد فیض فنِ غزل گوئی پر قدرتِ کاملہ رکھتے ہیں۔'' وضاحت کیجئے۔ 8

**یا**

جدید غزل گوئی میں ڈاکٹر مدحت الاختر کا مقام ومرتبہ متعین کیجئے۔

**یا**

منوررانا کی سوانح حیات مختصراً لکھیے نیز ان کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

سوال نمبر۴۔ (الف) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 8

(۱) کل اور آج

(۲) سوگوارانِ حسین سے خطاب

(۳) تاجِ وطن کا لعل درخشاں چلا گیا

(ب) اسرارالحق مجاز کی سوانح مختصراً لکھیے نیز ان کی نظم نگاری کی نمایاں خصوصیات قلمبند کیجئے۔ 8

**یا**

جوش ملیح آبادی کا نظم نگاری میں ایک اہم مقام ہے۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل سوالات کے جواب دو یا تین سطروں میں تحریر کیجئے۔ (کوئی آٹھ) 16

(۱) پریم چند کے اس مجموعہ کا نام وسنِ اشاعت لکھئے جو انگریزی حکومت کے عتاب کا شکار رہا۔

(۲) کہکشاں نے اپنے والدین سے کیا امیدیں لگائی تھیں؟

(۳) اصلی شاعر کس طرح لوگوں کے تخیل کو ابھار سکتا ہے؟

(۴) تمثیلی شعروں کو سمجھنے کا دعویٰ کس وقت کیا جا سکتا ہے؟

(۵) ڈرامہ ''رستم وسہراب'' کے کرداروں کے نام تحریر کیجئے۔

(۶) شاعر کو فلک سے کیوں خوف نہیں ہے؟

(۷) جوش ملیح آبادی نے زندہ رہنے کے لئے کون سی صفات ہونا لازمی قرار دیا ہے؟

(۸) مولوی عبدالحق کو چکبست کا کلام کیوں غور سے پڑھنا پڑا؟

(۹) ساحر لدھیانوی کے معروف شعری مجموعوں کے نام قلمبند کیجئے۔

(۱۰) پھول تو دو دن بہارِ جاں فزا دکھلا گئے

حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

درج بالا شعر میں شاعر نے پھول اور غنچوں سے کیا مراد لی ہے؟

(۱۱) شاعر مدحت الاختر کی جائے پیدائش لکھیے۔ نیز ان کے کوئی دو مجموعۂ کلام کے نام لکھیے۔

(۱۲) منور رانا کے نثری مجموعوں کے نام قلمبند کیجئے

☆☆☆☆☆

835